# 109222-طواف مکمل کرنے سے قبل تھک جانے والے کا حکم

## سوال

میں مریض خاتون ہوں میں عمرہ کرنے کے لیے گئی تو جس وقت ابھی میرا تیسرا چکر تھا کہ میرا سر چکرانے لگا، تو ایسے میں میرے لیے کیا کرنا واجب ہے ؟

## پسندیدہ جواب

"آپ تھوڑی دیر آرام کر کے طواف مکمل کر لیں، تاہم اگر آرام لمبا ہو جائے تو پھر شروع سے طواف کریں، لیکن اگر آسانی اور فوری سر چکرانا بند ہو جائے تو آپ اپنا طواف مکمل کریں، الحمد للہ! یہی آپ کے لیے کافی ہے۔" ختم شد

"مجموع فتاوی ابن باز"(17/435،436)

واللہ اعلم